18 فروری 2015ء

گرانی کے ہدف کی نظر ثانی پر اسٹیٹ بینک کی وضاحت

بینک دولت پاکستان کی پہلی سہ ماہی رپورٹ 15-2014ء بعنوان 'پاکستانی معیشت کی کیفیت' کے اجرا سے متعلق بعض میڈیا رپورٹوں میں یہ کہا گیا ہے کہ اسٹیٹ بینک نے گرانی کا ہدف تبدیل کر کے 4.5 تا 5.5 فیصد کردیا ہے، جو غلط ہے۔ اسٹیٹ بینک نہ تو گرانی کا ہدف مقرر کرتا ہے اور نہ اس میں ترمیم کرتا ہے۔ گرانی کا ہدف وفاقی حکومت مقرر کرتی ہے اور سالانہ منصوبے میں جاری کیا جاتا ہے۔ اسٹیٹ بینک صرف متوقع گرانی کے تخمینے کے بارے میں اپنا نقطہ نظر پیش کرتا ہے جسے عموماً اسٹیٹ بینک کی مطبوعات میں پروجیکشن یا فورکاسٹ (پیش گوئی) کہا جاتا ہے۔ وفاقی حکومت نے 15-2014ء کے لیے گرانی کا ہدف 8 فیصد مقرر کیا ہے۔ اسٹیٹ بینک کی پیش گوئی ہے کہ 15-2014ء میں گرانی 4.5 سے 5.5 فیصد کی حدود میں ہوسکتی ہے۔ گرانی کی پیش گوئیوں پر عموماً زری پالیسی کے اجلاسوں سے پہلے نظر ثانی کی جاتی ہے اور وہ اسٹیٹ بینک کے زری پالیسی بیانات/ فیصلوں اور سالانہ/ سہ ماہی رپورٹوں میں شائع کی جاتی ہیں۔

***